© rasailojaraid.com

ڈھالا ہے کہ الفاظ کے ساتھ سید قطب کے جذبات بھی عبارت میں منعکس ہوتے ہیں۔ فاضل مترجم نے آغاز میں جو فاضلانہ مقدمہ تحریر فرمایا ہے وہ بڑا معلومات افزا اور اُن کے جذبۂ ایمانی کا آئینہ دار ہے۔ کتابت اور طباعت عمدہ ہے۔

---

**حدیث کی ننھی منی کتاب۔ دوسرا حصہ۔** | تالیف۔ پروفیسر صوفی عبدالعزیز صاحب۔ ناشر:- ایم اکرم وسیم قریشی نائتھ سٹریٹ۔ رام نگر چوبرجی۔ لاہور۔ قیمت ۲۵ پیسے۔ صفحات ۳۲

اس مفید سلسلہ پر ترجمان القرآن میں تبصرہ کیا جا چکا ہے۔ یہ اس کی دوسری کڑی ہے۔ اس حصے میں فاضل مصنف نے ان احادیث کو منتخب کیا ہے جو اصلاحِ معاشرہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ مصنف کا انتخاب عمدہ اور اندازِ بیان بڑا دل نشین ہے۔ بچوں کے لیے ان کتابچوں کا وجود ایک بڑی نعمت ہے۔ کتابت اور طباعت کو البتہ زیادہ دلکش بنانے کی ضرورت ہے۔

---

**تمدنِ اسلام**
**CULTURE OF ISLAM** | تالیف جناب افضل اقبال صاحب۔ شائع کردہ: ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ کلب روڈ لاہور۔ قیمت تین روپے۔ صفحات ۳۰۳

کتاب کے مصنف کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ مولانا محمد علی جوہر کی تحریروں کو انہوں نے جس محنت سے جمع کیا اور جس کاوش سے مرتب کیا ہے اُس سے اُن کے علمی ذوق اور دینی رجحانات کا اندازہ کیا جاسکتا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب بھی اُن کی سلامتیِ فکر کی عکاسی کرتی ہے۔ اس کتاب میں انہوں نے اُن حیات آفریں تبدیلیوں کا ذکر کیا ہے جو اسلام نے اپنے ماننے والوں کے فکر و نگاہ اور فعل و عمل میں پیدا کیں اور پھر اُن سے پوری انسانیت متاثر ہوئی۔ اس ضمن میں یہ بات بھی بڑی قابلِ قدر ہے کہ انہوں نے آج کل کے بعض نام نہاد مفکرین کی طرح تمدن کے نام پر ایسی خرافات کا پرچار نہیں کیا جن کا اسلام سے قطعاً کوئی تعلق نہیں مگر جنہیں بعض مفاد پرست طبقے اسلام میں شامل کرنے پر مصر ہیں۔ پھر انہوں نے سنتِ نبویؐ سے انحراف کے بجائے اُسے اسلامی تمدن کی اساس قرار دیا ہے۔ یہ سب باتیں اسلام کے بارے میں اُن کے صحیح نقطۂ نظر

© rasailojaraid.com